# 01-05-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکا نے کہا کہ ریاستی حکومت پسماندہ طبقات اور محنت کشوں کی ترقی کیلئے پابند عہد ہے۔

۲۔ تلنگانہ کے نئے ڈی جی پی ، سی وی آنند نے کہا کہ وہ ریاست میں امن وامان کی برقراری کیلئے بھرپور کوشش کریں گے۔

۳۔ ریاست بھر میں یومِ مزدور کی تقریبات شاندار انداز میں منائی گئیں۔ مزدور تنظیموں اور سیاسی جماعتوں نے پرچم کشائی اور ریلیوں کے ذریعہ مزدوروں کی قربانیوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔

اور

۴۔ حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی کہ آنے والے تین دنوں کے دوران ریاست کے مختلف اضلاع میں ہلکی تا اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔

C. V. Anand

تلنگانہ ریاست کے پولیس ڈائرکٹر جنرل کے طور پر سینئر آئی پی ایس عہدیدار سی وی آنند نے آج اپنے عہدہ کا جائزہ حاصل کیا۔ اس موقع پر انہوں نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ وہ ریاست میں امن وامان کی برقراری کیلئے بھرپور کوشش کریں گے۔ حکومت کے توقعات پر پورا اترتے ہوئے کام کرنے کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ جدید ٹکنالوجی کو استعمال میں لاتے ہوئے ریاست میں امن وامان کیلئے کام کیا جائے گا۔ جرائم کی تحقیقات میں تلنگانہ پولیس کو اب

تک ہی اچھا مقام حاصل ہے۔ڈرگس کی روک تھام کیلئے ایگل پولیس ٹیم اچھے طریقہ سے کام کررہی ہے۔سی وی آنند نے کہا کہ امن وامان کا مسئلہ آئے بغیر چوکس رہنے کی ضرورت ہے۔

Bhatti Vikramarka - Miryalaguda

نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے مریال گوڑہ کا دورہ کیا۔اس دورہ کے موقع پرانہوں نے مئی ڈے پروگرام میں شرکت کی ۔اس موقع پرنائب وزیراعلیٰ نے صفائی ملازمین کے ساتھ کھانا بھی کھایا۔نائب وزیراعلیٰ نے اس موقع پر بات کرتے ہوئے کہا کہ ریاستی حکومت پسماندہ طبقات اورمحنت کشوں کے حقوق کے تحفظ کیلئے کام کررہی ہے۔کانگریس حکومت اقتدار پرآنے کے تین ماہ بعد 30 ہزارافرادکوروزگار کے مواقع فراہم کرچکی ہے۔آرٹی بسوں میں خواتین کومفت سفر کی سہولت فراہم کی گئی ہے اوران کو معاشی طور پر بااختیار بنانے کے اقدامات بھی کئے جارہے ہیں۔نائب وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت محنت کش طبقہ کے ساتھ کھڑی رہے گی۔ریاست میں تمام طبقات کی فلاح وبہبوداورترقی کیلئے حکومت کام کررہی ہے۔

Paddy Purchase

آصف آبادضلع کےکوٹالامنڈل سانڈگم گاؤں میں مارکفیڈ کی جانب سے قائم کئے گئے دھان کی خریداری کےمرکزکاضلع کلکٹر کے ہریتانے افتتاح کیا۔اس موقع پرکلکٹرنے بات کرتے ہوئے کہا کہ ضلع میں اناج کی خریداری کیلئے 34 مراکز قائم کئے گئے ہیں۔ان مراکز سے استفادہ کرنےکسانوں سےاپیل کی۔

Byte - Collector

## KT Rama Rao

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے تارک راما راؤ نے مرکزی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ کمرشل ایل پی جی گیس سلنڈر کی بڑھائی گئی قیمتوں کو فوری طور پر واپس لیا جائے۔ بی آر ایس بھون میں منعقدہ ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کمرشل گیس کی قیمتوں میں اضافہ عام لوگوں اور ہوٹل صنعت سے وابستہ افراد پر بھاری بوجھ بن جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس اضافہ سے میس پر انحصار کرنے والے طلبہ اور ملازمین کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ انہوں نے تشویش ظاہر کی کہ پہلے ہی ضروری اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ ہونے سے تمام طبقات مالی دباؤ کا شکار ہیں۔

## May Day Celebrations

ریاست بھر میں یومِ مزدور کی تقریبات شاندار انداز میں منائی گئیں۔ مزدور تنظیموں اور سیاسی جماعتوں نے پرچم کشائی اور ریلیوں کے ذریعہ مزدوروں کی قربانیوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ ریاستی حکومت کی جانب سے رویندر بھارتی میں منعقدہ تقریب میں وزیرِ محنت وویک وینکٹ سوامی اور وزیر سیاحت جوپلی کرشنا راؤ نے شرکت کی۔ مریال گوڑہ میں منعقدہ تقریب میں نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکا نے شرکت کی۔ ریاست کے تمام صنعتی علاقوں میں مزدور تنظیموں نے یومِ مزدور جوش وخروش سے منایا۔ سنگارینی اور آر ٹی سی کے ملازمین نے اپنے اپنے کام کی جگہوں پر تقاریب کا انعقاد کیا۔ حیدرآباد میں بھی سیاسی جماعتوں اور مزدور تنظیموں نے یومِ مزدور منایا۔ 99 روزہ عوامی حکمرانی ترقیاتی پروگرام کے تحت محکمہ محنت، روزگار، تربیت اور فیکٹریز کے محکمہ جات کی نگرانی میں تمام اضلاع میں یومِ مزدور کی تقریبات منعقد کی گئیں۔

## Nalgonda – Buddha Purnima Celebrations

نلگنڈہ ضلع کے ناگرجنا ساگر میں واقع بدھ ونم میں بدھ پورنیما کی تقریبات شاندار طریقہ سے منعقد کی جارہی ہیں۔مختلف ممالک سے آئے ہوئے بدھ مت کے پیروکار اور مقامی افراد نے بدھ ونم میں خصوصی پوجا کی اور دھیان میں حصہ لیا۔انہوں نے کہا کہ دنیا کو امن کا پیغام دینے والے بھگوان بدھ کے راستہ پر چلنا ضروری ہے اور عوام کو امن وامان کے ساتھ زندگی گزارنے کی تلقین کی۔آج شام بدھ ونم میں ہونے والی بدھ پورنیما تقریبات میں وزیر سیاحت وثقافت جوپلی کرشنا راؤ شرکت کریں گے۔

## TIMS Trial Run.

ریاستی حکومت کی جانب سے صنعت نگر میں تعمیر کئے گئے تلنگانہ انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسس (ٹمز) اسپتال میں آج صبح ٹرائل رن کا آغاز ہوا۔مریضوں کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرنے کے لئے اسپتال میں ضروری ڈاکٹروں اور پیرا میڈیکل عملہ کی تقرری مکمل کر لی گئی ہے۔محکمہ صحت کے مطابق ٹمز اسپتال کا ٹرائل رن تقریباً ایک ماہ تک جاری رہے گا۔اس دوران روزانہ صبح 9 بجے سے 11 بجے تک 22 اہم شعبوں میں طبی خدمات فراہم کی جائیں گی۔

## Weather

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی کہ آنے والے تین دنوں کے دوران ریاست کے مختلف اضلاع میں ہلکی تا اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔ جئے شنکر بھوپالا پلی، ملگ، بھدرادری کوتہ گوڑم، کھمم، نلگنڈہ اور سوریا پیٹ اضلاع میں گرج، چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہونے کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔آئندہ تین دنوں کے دوران اقل ترین درجہ حرارت

تقریباً اسی طرز پر جاری رہنے کا امکان ہے جبکہ ریاست کے مختلف اضلاع میں 40 تا 44 ڈگری اقل ترین درجہ حرارت ریکارڈ کئے جانے کا امکان ہے۔

Medak Collector

میدک ضلع کلکٹر پر تیما سنگھ نے کہا کہ مزدور طبقہ کی ترقی اور فلاح و بہبود ہی حکومت کا اہم مقصد ہے۔ ضلع کلکٹر کے دفتر میں 99 روزہ عوامی حکمرانی اور ترقی کے منصوبہ کے تحت محکمہ لیبر، روزگار، ٹریننگ و فیکٹریز کے شعبہ کی جانب سے مئی ڈے تقریب کا انعقاد عمل میں لایا گیا۔ اس تقریب میں ضلع کلکٹر نے شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے بات کرتے ہوئے کہا کہ مزدور طبقہ کی ترقی ہی سماج کی ترقی ہے۔ کلکٹر نے فیکٹریز میں کام کرنے والے مزدوروں کے مختلف مسائل کی نشاندہی کرتے ہوئے اس کے حل کیلئے کام کرنے مزدور تنظیموں کے قائدین پر زور دیا۔

Sound Byte

Peddapalli – Sridhar Babu

ریاستی وزیر برائے آئی ٹی و صنعت ڈی سریدھر بابو نے کہا ہے کہ حکومت دیہی طلبہ میں تکنیکی مہارتوں کو فروغ دینے پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ انہوں نے من تھنی میں منعقدہ سوپر سمر کیمپ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر نے کہا کہ ٹی فائٹر تنظیم اور سوپر ٹیچر کے تعاون سے منعقد کئے جا رہے اس کیمپ کے ذریعہ سرکاری اسکولوں کے طلبہ کو کمپیوٹرس، مصنوعی ذہانت اور روبوٹکس جیسے جدید شعبوں میں تربیت دی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دیہی علاقوں تک تکنیکی تعلیم پہنچانے میں ٹی فائٹر کی خدمات قابلِ ستائش ہیں۔

Vakiti Srihari

ریاستی وزیر واکٹی سری ہری نے محبوب نگر میں منعقد کئے گئے میگا جواب میلہ کا افتتاح کیا۔اس موقع پر انہوں نے بات کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کو ملازمتوں کی فراہمی اور روزگار کے مواقع فراہم کرنے کیلئے حکومت کوشش کررہی ہے۔ریاستی وزیر نے کہا کہ موجودہ حالات میں صرف تعلیمی قابلیت ہی نہیں بلکہ اسکلس اور ٹکنالوجی پر شعور ہونا ضروری ہے جس کے ذریعہ ہی بہتر ملازمتیں حاصل ہوسکتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ نوجوان ٹکنالوجی پر عبور حاصل کرتے ہوئے اچھے مواقع حاصل کرسکتے ہیں۔

Sound - Vakiti Srihari

Uttam Kumar Reddy - Gas Cylinder

ریاستی وزیر سیول سپلائز اتم کمار ریڈی نے مرکزی حکومت کی جانب سے اضافہ کئے گئے کمرشیل پکوان گیس کے قیمتوں کو واپس لینے کا مطالبہ کیا۔انہوں نے کہا کہ یہ فیصلہ عام آدمی پر مالی بوجھ عائد کرے گا۔ایک ہی بار 30 تا35 فیصد قیمتوں میں اضافہ سے ہوٹل ریسٹورنٹس کے علاوہ چھوٹے کاروباری افراد پر اس کا بوجھ عائد ہوگا۔

ORR - Accident

شمس آباد کے قریب آوٹر رنگ روڈ پر ایک سڑک حادثہ پیش آیا۔اس حادثہ میں پانچ افراد کی موت ہوئی۔آؤٹر رنگ روڈ کے اگزٹ 16 کے قریب ٹھہری ہوئی لاری کو ایک کار نے پیچھے سے ٹکر دے دی۔اطلاع ملتے ہی پولیس مقام واقعہ پر پہنچ گئی اور راحت کاری کام انجام دئے۔

OO